استفتاء

حضرت مفتی صاحب ایک شخص بیرونِ ملک (انگلینڈ و کینیڈا وغیرہ) میں سودی بینک میں سودی امور سرانجام دینے کی ملازمت کرتا ہے۔ کیا غیر اسلامی ملک ہونے کی وجہ سے اس بینک مین ملازمت جائز اور اس کی آمدن حلال ہوگی یانہیں۔؟

مستفتی: بواسطہ علی رضا

الجواب باسم ملهم الصواب

واضح رہے کہ قرآن کریم کی نصوص اور احادیث مبارکہ کی تصریحات میں علی الاطلاق سود کا لین دین حرام قرار دیا گیا ہے اس میں دارالاسلام یا دارالحرب کی کوئی تفصیل نہیں ہے، اس لیے دارالحرب میں بھی سودی بینک میں ایسی ملازمت کرنا جس کا تعلق براہِ راست سودی لین دین سے ہو جائز نہیں اور اس سے حاصل ہونے والی آمدن بھی ناجائز ہے۔ (ماخذ احسن الفتاوی بتصرف ج،6 ص،20)

فتح القدير (359/15)

(قوله ولا بين المسلم والحربي في دار الحرب خلافا لأبي يوسف والشافعي) ومالك وأحمد، وعلى هذا الخلاف الربا بين المسلم الأصلي والمسلم الذي أسلم في دار الحرب ولم يهاجر إلينا؛ فلو باع مسلم دخل إليهم مستأمنا درهما بدرهمين حل، وكذا إذا باع منهم ميتة أو خنزيرا أو قامرهم وأخذ المال يحل، كل ذلك عند أبي حنيفة ومحمد خلافا لأبي يوسف ومن ذكرنا. (لهم) إطلاق النصوص فإنها لم تقيد المنع بمكان دون مكان، والقياس على المستأمن منهم في دارنا، فإن الربا يجري بين المسلم وبينه فكذا الداخل منا إليهم بأمان. ولأبي حنيفة ومحمد ما روي أنه صلى الله عليه وسلم قال { لا ربا بين المسلم والحربي في دار الحرب } وهذا الحديث غريب، ونقل ما روى مكحول عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال ذلك.. .... وهذا لا يفيد لمعارضة إطلاق النصوص إلا بعد ثبوت حجية حديث مكحول. وقد يقال: لو سلم حجيته فالزيادة بخبر الواحد لا تجوز، وإثبات قيد زائد على المطلق من نحو { لا تأكلوا الربا } ونحوه هو الزيادة فلا يجوز.

واللہ اعلم بالصواب

عمار یاسر شاہ عفی عنہ

کتبہ: عمار یاسر شاہ عفی عنہ

دارالافتاء صادق آباد

23/ ذیقعدہ1439ھ بمطابق06/ اگست 2018ء

دستخط: مفتی محمد ابراہیم صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح
محمد ابراہیم

(مہر: دارالافتاء للامور الشرعیۃ والمالیۃ صادق آباد ضلع رحیم یار خان — فتویٰ نمبر ۔۔۔ مورخہ ۱۴۳۹/۱۱/۲۴)

(مہر: مفتی)

۱۴۳۹/۱۱/۲۴ھ

دستخط: مفتی طارق بشیر صاحب مدظلہم

الجواب صحیح
ابوالحسن
۲۴/ ۱۱/ ۳۹

Scanned by CamScanner